www.roznamasahara.com @RoznamaRSahara @RoznamaRSahara
کولکاتا•نئی دہلی•ممبئی•لکھنؤ•گورکھپور•کانپور•پٹنہ•حیدرآباد•اور بنگلور سے ایک ساتھ

روزنامہ راشٹریہ سہارا

ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA KOLKATA

ہندوستان کا نمبر ایک قومی اردو اخبار

Kolkata • New Delhi • Mumbai • Lucknow • Gorakhpur • Kanpur • Patna • Hyderabad • Bangalore

KOLKATA (City) Pages: 12 ₹ 5/- Vol : 19 Issue : 168 سال : 19 شمارہ نمبر: 168 14 ذی الحجہ 1445ھ جمعہ «یعنی مکمل سچ» • حب الوطنی • فرض شناسی • ایثار Friday 21, June 2024

رابطہ کریں اچھی صحت اور خوشگوار زندگی کے لئے
Mfd. by The Makers of Dehlvi Remedies® the formidable brand of
Sana Herbals (P) Ltd
238 F.I.E. Patparganj, Delhi-92 (C. Care:95550 94254)
www.sanaherbals.com | www.dehlviremedies.com | sanaherbals.gmail.com | info@sanaherbals.com

نتیش سرکار کو دھچکا ◻ نہیں ملے گا 65 فیصد ریزرویشن

پٹنہ ہائیکورٹ نے سرکاری ملازمتوں اور تعلیمی اداروں میں ریزرویشن میں اضافے کے سرکار کے فیصلے پر لگائی روک

پٹنہ ، (ایجنسیں)

بہار میں ریزرویشن کا دائرہ بڑھانے کے ریاستی حکومت کے فیصلے کو ہائی کورٹ سے جھٹکا لگا ہے۔ ہائی کورٹ نے ریزرویشن کا دائرہ 50 فیصد سے بڑھا کر 65 فیصد کرنے کے ریاستی حکومت کے فیصلے کو مسترد کر دیا ہے۔ پٹنہ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کی بنچ نے تعلیمی اداروں اور سرکاری ملازمتوں میں ایس ای، ایس ٹی، ای بی سی اور دیگر پسماندہ طبقات کے لیے ریاستی حکومت کے 65 فیصد ریزرویشن کو منسوخ کرنے والی عرضیوں کی سماعت کرتے ہوئے یہ فیصلہ دیا۔ عدالت نے ریاستی حکومت کی طرف سے لائے گئے قانون کو مسترد کرنے کا حکم دیا ہے۔ عرضی گزار گورو کمار اور دیگر کی طرف سے دائر درخواستوں پر سماعت مکمل کرنے کے بعد 11 مارچ کو فیصلہ محفوظ رکھا گیا تھا، جس پر پٹنہ ہائی کورٹ نے آج اپنا فیصلہ سنایا۔ بہار حکومت نے گزشتہ سال کے آخر میں اسمبلی میں ریاست کے معاشی اور تعلیمی اعداد و شمار پیش کیے تھے۔ حکومت نے یہ بھی بتایا کہ ریاست کی سرکاری ملازمتوں میں حریتے کا کتنا حصہ ہے۔ بہار میں عام زمرے کی آبادی 15 فیصد ہے اور سب سے زیادہ 6 لاکھ 41 ہزار 281 لوگوں کے پاس سرکاری ملازمتیں ہیں۔ ملازمتوں کے معاملے میں 63 فیصد آبادی کے ساتھ پسماندہ طبقہ دوسرے نمبر پر ہے۔ پسماندہ طبقات کے پاس کل 6 لاکھ 21 ہزار 481 نوکریاں ہیں۔

تعمیر نمبر پر 19 فیصد کے ساتھ درج فہرست ذات ہے۔ اس میں زمرہ میں 2 لاکھ 91 ہزار 4 نوکریاں ہیں۔ ایک فیصد سے کم آبادی والے شیڈیولڈ ٹرائب کے زمرے میں سب سے کم سرکاری نوکریاں ہیں۔ اس زمرے میں کل 30 ہزار 164 سرکاری نوکریاں ہیں۔ درج فہرست قبائل کی آبادی 1.68 فیصد ہے۔ واضح رہے کہ اس وقت ملک میں 49.5 فیصد ریزرویشن ہے۔ او بی سی کو 27 فیصد، ایس سی کو 15 فیصد اور ایس ٹی کو 7.5 فیصد ریزرویشن ملتا ہے۔ اس کے علاوہ اقتصادی طور پر پسماندہ عام زمرے کے لوگوں کو بھی 10 فیصد ریزرویشن ملتا ہے، اسی حساب سے ریزرویشن کی حد 50 فیصد سے تجاوز کر گئی ہے۔ جب نومبر 2022 میں سپریم کورٹ نے اقتصادی طور پر پسماندہ عام زمرے کے لوگوں کو ریزرویشن دینے کا جواز پیش کیا تھا۔ سپریم کورٹ نے کہا تھا کہ یہ کوٹا آئین کے بنیادی ڈھانچے کو نقصان نہیں پہنچاتا، اس سے پہلے بہار میں بھی ریزرویشن کی حد صرف 50 فیصد تھی۔



کہاں 50 فیصد سے زیادہ ریزرویشن اور کہاں روک

نئی دہلی ، (ایجنسیں) ایسا پہلی بار نہیں ہوا کہ کسی ریاستی حکومت نے ریزرویشن کا دائرہ بڑھانے کی کوشش کی اور پھر ملک کی مختلف عدالتوں میں اس کا سامنا نہیں ہوا ہو۔ سپریم کورٹ کا 1992 کا فیصلہ بھی سارے تنازع کی جڑ رہا ہے۔ 1992 کے مشہور اندرا ساہنی فیصلے میں سپریم کورٹ نے ریزرویشن کا دائرہ 50 فیصد مقرر کیا تھا۔ اس کے بعد ریزرویشن بڑھانے کی زیادہ تر کوششیں ناکام ثابت ہوئیں۔ البتہ جب حکومت ہند نے عام زمرے کے معاشی طور پر کمزور طبقات کیلئے 10 فیصد ریزرویشن کا التزام کیا تو عدالت نے اسے 50 فیصد کی حد کی خلاف ورزی نہیں مانا۔ اسی طرح تمل ناڈو حکومت نے 69 فیصد کو نافذ کیا۔ سپریم کورٹ کے 1992 کے فیصلے کے بعد بھی ریاستی حکومت پیچھے نہیں ہٹی۔ اسمبلی میں بل پاس کیا اور اس وقت کی رسمہا وا سرکار کے زیادہ اسے 9 ویں شیڈول میں شامل کرا لیا۔ یہ معاملہ اب بھی عدالت میں زیر سماعت ہے۔ شمال مشرقی کا کئی ریاستوں میں جہاں درج فہرست قبائل کی بڑی آبادی ہے، ریزرویشن 80-80 فیصد تک نافذ ہے۔ ان میں اروناچل پردیش، منی پور، میگھالیہ، میزورم اور ناگالینڈ شامل ہیں۔ چھتیس گڑھ میں EWS کو دیے گئے ریزرویشن کے علاوہ، پسماندہ، دلت اور قبائلی برادریوں کیلئے 58 فیصد ریزرویشن نافذ ہے۔ ستمبر 2022 میں ریاستی حکومت نے ریزرویشن کا دائرہ 50 فیصد سے زیادہ بڑھا دیا تھا، لیکن ہائی کورٹ نے اسے غیر آئینی قرار دے دیا۔ بعد میں ریاستی حکومت نے سپریم کورٹ سے رجوع کیا۔ سپریم کورٹ نے ریاست کو فوری راحت دیتے ہوئے 58 فیصد ریزرویشن کے نفاذ کو منظوری دے دی۔ پھر یہ سیٹیں ایسی ہیں، جنہوں نے ریزرویشن کا دائرہ 50 فیصد سے زیادہ بڑھانے کی کوشش کی، لیکن ان کی فیصلہ عدالتوں میں نہیں ٹک سکا۔ اسی طرح جاٹوں اور مراٹھا کو ریزرویشن نہیں مل سکا۔ مہاراشٹر، راجستھان، ہریانہ اور ڈیڈو جیسی ریاستیں ریزرویشن کا دائرہ 50 فیصد سے زیادہ بڑھانے میں ناکام رہیں، کیونکہ کورٹ نے اندرا ساہنی فیصلہ کا حوالہ دے کر اس پر روک لگا دی۔

'سرکار سپریم کورٹ نہیں گئی تو ہم جائینگے'



پٹنہ ، (ایجنسیں)

بہار میں ریزرویشن پر روک لگانے کے ہائی کورٹ کے فیصلے پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے آر جے ڈی کے لیڈر تیجسوی یادو نے کہا کہ ہم نے انتہائی پسماندہ لوگوں، دلتوں، قبائلیوں اور پسماندہ برادریوں کیلئے ریزرویشن میں اضافہ کیا تھا۔ اس وقت بھی ہم نے حکومت ہند سے اسے 9 ویں شیڈول میں شامل کرنے کی درخواست کی تھی۔ بی جے پی کے جھوٹ پسند پی ایل دھل کر نے اس طرح کے کام کو روکنا چاہتے ہیں اور اسی طرح ذات پر مبنی مردم شماری کو بھی روک دیا گیا تھا۔ اس سے جنہیں دکھ ہوا ہے اور یہ کام انتہائی غیر جانبداری سے کیا گیا۔ پتہ نہیں ہے ذی یو یادو لیے یہاں خاموش ہیں۔ اگر بہار حکومت سپریم کورٹ نہیں جاتی ہے، تو آر جے ڈی سپریم کورٹ جائے گی۔

کورٹ کے چیف جسٹس کی بنچ نے مقامی اداروں اور سرکاری ملازمتوں میں ایس سی، ایس ٹی، ای بی سی اور دیگر پسماندہ طبقات کے لیے ریاستی حکومت کے 65 فیصد ریزرویشن کو منسوخ کرنے والی عرضیوں کی سماعت کرتے ہوئے یہ فیصلہ دیا۔

ہارے ہوئے ممبران پارلیمنٹ اور مرکزی وزرا کو بنگلہ خالی کرنے کا حکم

نئی دہلی ، (ایجنسیں)

وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں نئی حکومت تشکیل دے دی گئی۔ اب 18 ویں لوک سبھا کیلئے تمام جیتنے والے ممبران پارلیمنٹ لوک سبھا میں حلف لیں گے۔ جو ممبران پارلیمنٹ الیکشن میں جیت گئے ان کے سرکاری بنگلے برقرار رہیں گے، جو لوگ پچھلی رکن پارلیمنٹ ہیں، انہیں سرکاری بنگلے الاٹ کیے جائیں گے۔ اس کے ساتھ ہی لوک سبھا الیکشن ہارنے والے ممبران پارلیمنٹ کو اپنی رہائش گاہ چھوڑنی ہوگی۔ ذرائع کے مطابق لوک سبھا انتخابات میں ہارنے والے وزرا اور ممبران پارلیمنٹ کو بنگلہ خالی کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ ان کے پاس بنگلہ خالی کرنے کیلئے 11 جولائی تک کا وقت ہے۔ شہری ترقی کی وزارت کے تحت ڈائریکٹر اسٹیٹس نے نوٹس جاری کیا ہے۔ بنگلہ خالی کرنے والوں میں مرکزی وزرا امرتی ایرانی، آر کے سنگھ، ارجن منڈا، مہندر ناتھ پانڈے، منسکھ مانڈویا، راجیو چندر شیکھر، کیلاش چودھری، اجے شرنبھی، وی مرلی دھرن، نشت پرامانک، سبھاش سرکار، سادھوی نرنجن جیوتی، راؤ صاحب دانوے، سوشل کشور، بھانو پرتاپ ورما، کپیل پاٹل، بھگونت کھوبا، بھارتی پوار وغیرہ کے علاوہ جینا نتیش کمار بھی جیسے لیڈران بھی شامل ہیں، جنہیں ٹکٹ نہیں ملا۔

ہندوستان، فرانس اور آسٹریلیا کی سہ فریقی تعاون کی طرف پیش رفت

نئی دہلی ، (یو این آئی) ہندوستان، فرانس اور آسٹریلیا نے سمندری حفاظت اور سلامتی، سمندری اور ماحولیاتی تعاون اور کثیر جہتی تعلقات کے شعبوں میں پیش رفت کا جائزہ لیا ہے۔ جوائنٹ سکریٹری (یورپ ویسٹ) پیش سریواستو اور جوائنٹ سکریٹری (امریکا اینڈ اوشیانیا) پرتیا تراچی نے بدھ کو ہونے والی میٹنگ میں ہندوستانی فریق کی قیادت کی۔ فرانسیسی فریق کی قیادت وزارت خارجہ کے ڈائریکٹر (ایشیا اور اوقیانوس) بینوٹ گیڈی نے کی اور آسٹریلوی فریق کی قیادت فرسٹ اسسٹنٹ سکریٹری جنوبی اور وسطی ایشیا ڈویژن، امور خارجہ و تجارت کے شعبے کی سارہ اسٹوری نے کی۔ سرکاری بیان کے مطابق تینوں فریقوں نے انڈو پیسفک اوشین اینشیٹو (آئی پی او آئی) اور انڈین اوشین رم ایسوسی ایشن (آئی او آر اے) میکانزم کے فریم ورک کے اندر سہ فریقی تعاون کو آگے بڑھانے کیلئے نئی تجاویز بھی پیش کیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ہندوستان، آسٹریلیا اور فرانس نے اپنی مشترکہ اقدار کو آگے بڑھانے اور ایک آزاد، کھلے، جامع اور قواعد پر مبنی ہند۔ بحرالکاہل خطے کیلئے مل کر کام کرنے کا عہد کیا ہے۔

مختصر خبریں

90 ہندوستانی حاجیوں کی موت

مکہ مکرمہ ، (ایجنسیں) سعودی عرب کے مکہ مکرمہ میں حاجیوں کی موت کی تعداد 1000 سے تجاوز کر گئی۔ مرنے والوں میں 90 ہندوستانی بھی شامل ہیں۔ سب سے زیادہ مرنے والوں کا تعلق مصر سے ہے۔ مصر کے 658 سے زائد اور اردن کے 60 حاجی مکہ مکرمہ میں انتقال کر گئے ہیں۔ وہیں 1400 حاجی لاپتہ ہیں۔ موت کی وجہ گرمی بتائی گئی ہے۔ یہ صورتحال درجہ حرارت 52 ڈگری تک پہنچنے کے بعد پیدا ہوئی۔ بتایا جاتا ہے کہ حاجیوں کی اموات شدید گرمی اور لو چلنے کی وجہ سے ہو رہی ہے۔ مرنے والوں میں مصر حاجیوں کی تعداد زیادہ ہے، جو گرمی کی شدت کو برداشت نہیں کر پا رہے ہیں۔

8 لوک سبھا سیٹوں پر ہوئی ای وی ایم کی جانچ

نئی دہلی ، (ایجنسیں) الیکشن کمیشن نے 6 ریاستوں میں 8 لوک سبھا سیٹوں کے انتخابات میں ای وی ایم میں خرابی کی شکایت کی جانچ کا حکم دیا ہے۔ ان میں ہریانہ کی 2، چھتیس گڑھ، مہاراشٹر، تمل ناڈو اور تلنگانہ میں ایک ایک سیٹ شامل ہیں۔ ان 8 سیٹوں میں سے بی جے پی نے 3 اور کانگریس نے 2 سیٹیں جیتیں، وہیں دیگر پارٹیوں نے 3 سیٹوں پر کامیابی حاصل کی تھی۔ الیکشن کمیشن نے کہا ہے کہ لوک سبھا انتخابات 2024 میں ای وی ایم میں خرابی کی شکایت کیلئے 8 درخواستیں موصول ہوئی تھیں۔ ان میں ای وی ایم کی میموری اور مائیکرو کنٹرولر کو چیک کرنے کا مطالبہ کیا گیا۔ کمیشن اب 92 پولنگ اسٹیشنوں کی ای وی ایم کی جانچ کرے گا۔ اس کے علاوہ کمیشن نے آندھرا پردیش اور اوڈیشا کی 3 اسمبلی سیٹوں کی ای وی ایم کی جانچ کرنے کا حکم دیا ہے۔ کمیشن یہاں 26 پولنگ اسٹیشنوں پر ای وی ایم میں بے ضابطگیوں کی جانچ کرے گا۔

'یو جی سی - نیٹ میں نہیں ملی گڑبڑی کی شکایت'

نئی دہلی ،(ایجنسیں) مرکزی حکومت نے بدھ 19 جون کو ہونے والے یو جی سی - نیٹ امتحان کو منسوخ کر دیا۔ یہ امتحان ایک دن پہلے 18 جون کیا گیا تھا۔ جھارکھنڈ وزارت تعلیم کے جوائنٹ سکریٹری کومود چندیوال نے کہا کہ نیٹ یو جی سی - نیٹ میں گڑبڑی کی کوئی شکایت نہیں ملی ہے، لیکن طلبا کے مفادات کے تحفظ کیلئے ہم نے خود نوٹس لیا ہے۔ امتحان میں بے ضابطگیوں کے حوالے سے شکایت موصول ہوئی، جس کی بنیاد پر ہم نے اسے منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا۔ ہم اس کی تفصیلات کو عام نہیں کر سکتے۔ معاملہ کی جانچ سی بی آئی کو سونپ دی گئی ہے۔ اب دوبارہ امتحان کی تاریخ کا اعلان جلد کیا جائے گا۔

کشمیر میں جلد اسمبلی انتخابات اور مکمل ریاست کا درجہ: مودی

سری نگر ، (ایجنسیں)

وزیراعظم نریندر مودی نے جمعرات کو جموں و کشمیر میں زراعت اور اس سے منسلک شعبوں میں 1,800 کروڑ روپے کے پروجیکٹوں کا آغاز کیا۔ اس موقع پر وزیراعظم مودی نے کہا کہ جموں و کشمیر میں جلد اسمبلی انتخابات ہوں گے اور اسے مکمل ریاست کا درجہ ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ لوک سبھا انتخابات قبل غیر حکمرانی کے پیغام استحکام کے ہیں۔ ملک نے 70 سال قبل غیر حکمرانی کا طویل دور دیکھا ہے۔ اس عدم استحکام اور غیر یقینی کی وجہ سے ہندوستان کو اس وقت نقصان اٹھانا پڑا، جب وٹیک آف کرنے والا ہندوستان اس دوڑ کو پیچھے چھوڑ کر ہندوستان حکمرانوں کے ایک نئے دور میں داخل ہوا ہے۔ اس سے ہماری جمہوریت مضبوط ہوئی ہے۔ اس کے ساتھ ہی وزیراعظم مودی نے جموں و کشمیر میں تشدد پھیلانے والے دہشت گردوں کو خبردار کرتے ہوئے کہا کہ وہ جموں و کشمیر کے دشمنوں کو سبق سکھانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ملک نے ایسا سماندی کارپڈور تو ڈیا ہے۔ یہ ہندوستان کی جمہوریت اور آئین کے بنائے ہوئے راستے پر چل کر ایک نیا باب لکھنے کا آغاز ہے۔ مجھے زیادہ خوشی ہوئی، اگر ہماری اپوزیشن بھی میرے کشمیر کے لوگوں کی تعریف کرتی۔ اپوزیشن نے اتنے اچھے کام میں ملک کا ویاس کیا۔ انہوں نے کہا کہ جموں و کشمیر میں آنے والی تبدیلی گزشتہ 10 سال کی حکومت کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ جموں و کشمیر میں آئین کا نفاذ نہیں کیا گیا، جنہوں نے ڈنڈیں کیا، وہ مرکز کی نگہبان ہیں۔ آج کشمیر میں آرٹیکل 370 کی دیوار گر چکی ہے اور حقیقت میں ریاست میں آئین نافذ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کمیرا ہی ہے۔ ہم سب کو مل کر کام کرنا ہے۔ مرکزی حکومت سے پیسے بھی پیسہ آتا تھا۔ آج مرکزی حکومت سے ملنے والی ایک ایک پائی آپ پر خرچ ہو رہی ہے، جس کام کیلئے دہلی سے پیسہ نکلا ہے۔ اس کے نتائج بھی نظر آئے۔ وزیراعظم مودی نے کہا کہ جموں و کشمیر کے لوگوں کو اپنے فنانشوں کو مناسع مع پر فتح کرنا چاہیے۔ اس سے بہتر اور کیا ہو سکتا ہے۔ اب اسمبلی انتخابات کی تیاریاں بھی شروع ہو گئی ہیں۔ وہ وقت دور نہیں، جب آپ جموں و کشمیر کی نئی حکومت کو اپنے ووٹ سے منتخب کریں گے۔ وہ دن جلد ہی آئے گا جب جموں و کشمیر ایک ریاست کے طور پر اپنا مستقبل بنائے گا۔ انہوں نے کہا کہ امن کے دشمن کشمیر کی ترقی پسند نہیں کرتے یہاں امن و چین نہیں ہے۔ دہشت گردانہ کارروائیاں جو سال بھی میں ہوئی ہیں۔ حکومت نے انہیں شیوگی سے لیا ہے۔ وزیر داخلہ نے جائزہ لیا ہے۔ ہم جموں و کشمیر کے شہنوں کو سبق سکھانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے۔ جموں و کشمیر کی نسلیں مستقل امن سے رہیں۔ امن کی راہ کو مزید مضبوط کریں گے۔

پیپر لیک نہیں روک پا رہے وزیراعظم ◻ ہم پارلیمنٹ میں اٹھائیں گے معاملہ



نئی دہلی ،(ایجنسیں)

رائے بریلی سے کانگریس کے رکن پارلیمنٹ راہل گاندھی نے جمعرات کو امتحانات میں دھاندلی کے معاملے پر حکومت پر حملہ بولا۔ نریندر مودی کی قیادت والی مرکزی حکومت پر پیپر لیک معاملے میں ملکر کرنے کے الزام لگاتے ہوئے کہا کہ ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ موجودہ حکومت کے پاس اس معاملے کو حل کرنے کی طاقت نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپر لیک جیسے مسئلہ کو حل کرنے کیلئے آزاد لوگ ہونے چاہئیں نہ کہ ایسے لوگ جو ایک دوسرے کو بچا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیپر لیک جیسے مسئلہ کو حل کرنے کیلئے آزاد لوگ ہونے چاہئیں نہ کہ ایسے لوگ جو ایک دوسرے کو بچا رہے ہیں۔ مغلطہ نظام تعلیم تباہ ہو چکا ہے۔ ہم اس معاملے کو پارلیمنٹ میں اٹھائیں گے۔ راہل نے کہا کہ نیٹ یو جی دوبارہ امتحان کا ایڈمٹ کارڈ جاری کیا گیا۔ 23 جون کو 1563 امیدواروں کیلئے دوبارہ امتحان لیا جائے گا، جنہوں نے نیٹ کے نتیجے میں گریس نمبر حاصل کیے۔ اس امتحان کا نتیجہ 30 جون تک جاری کیا جائے گا۔ کونسلنگ کا عمل 6 جولائی سے شروع ہوگا۔

رہی ہے۔ طلبا کے مستقبل سے کھیلا جا رہا ہے۔ راہل گاندھی نے کہا کہ بھارت جوڑو یاترا کے دوران ہم منی پور اور مہاراشٹر گئے، راستے میں بہت سنو جوانوں نے کہا کہ پیپر لیک ہونے کی وجہ سے ہم پریشان ہیں، نریندر مودی کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ ان کے کہنے سے یوگرین اور روس کے درمیان جنگ اور اسرائیل اور حماس کے درمیان جنگ رک گئی تھی، تو وہ چیک کو ایک ہونے سے کیوں نہیں روک دیتے، یا رکوا نہیں چاہتے تھے؟ انہوں نے کہا کہ پیپر لیک ہونے کی وجہ سے کے پورے دانش چاسلر ایجوکیشن سسٹم کو بچی ہے اور ان کی نظر اپنی تنظیم کے لوگوں نے اپنی گرفت میں لے رکھا ہے۔ ہم نے جو کہا ہے، وہ یہ ہے کہ بہار میں بھی کارروائی ہو رہی ہے اور جو بھی ذمہ دار ہے اس کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے۔ راہل گاندھی نے مزید کہا کہ نیٹ قانون کی ضرورت ہے، لیکن پہلے بی جے پی اور سرپرست تنظیم کے لوگوں کو بچانا پڑے گا۔ پہلے مرکز مدعیہ پردیش تھا، اب گجرات ہے، جن کو بی جے پی کی لیبارٹری کہا جاتا رہا ہے، یعنی اس لیبارٹری سے ہی یہ سب ہو رہا ہے۔ ایماندار لوگوں کو یہ کام دو گے تو پیدر کے گاوا راگر ایک نظریہ کے لوگ اس پر فیصلہ کریں گے تو نہیں کر سکے گا۔

نیٹ یو جی دوبارہ امتحان کا ایڈمٹ کارڈ جاری

نئی دہلی ، (ایجنسیں) نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی (این ٹی اے) نے نیٹ یو جی دوبارہ امتحان کا ایڈمٹ کارڈ جاری کیا ہے۔ 23 جون کو 1563 امیدواروں کیلئے دوبارہ امتحان لیا جائے گا، جنہوں نے نیٹ کے نتیجے میں گریس نمبر حاصل کیے۔ اس امتحان کا نتیجہ 30 جون تک جاری کیا جائے گا۔ کونسلنگ کا عمل 6 جولائی سے شروع ہوگا۔

اعلیٰ سطحی کمیٹی کرے گی این ٹی اے کی جانچ: دھرمیندر پردھان

نئی دہلی ، (ایجنسیں) وزارت تعلیم نے بدھ کو یو جی سی - نیٹ امتحان کو منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے جمعرات کو نیٹ یو جی امتحان کے سلسلے میں ایک پریس کانفرنس کی۔ اس میں انہوں نے کہا کہ طلبا کے مفادات ہماری ترجیح ہے۔ اس سے کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ ہم نیٹ امتحان کے سلسلے میں بہار حکومت کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہیں۔ وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے کہا کہ پٹنہ سے بھی کچھ معلومات موصول ہوئی ہیں۔ آج بھی بحث ہوئی ہے۔ پٹنہ پولیس واقعے کی تہہ تک جا رہی ہے۔ وہ جلد ہی تفصیلی رپورٹ حکومت ہند کو بھیجے گی۔ میں یقین دلاتا ہوں کہ جیسے ہی ٹھوس معلومات آئیں گی قصورواروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ این ٹی اے میں جو بھی قصوروار پایا گیا، اس کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ دھرمیندر پردھان نے کہا کہ حکومت ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی بنانے جا رہی ہے۔ این ٹی اے کے حوالے سے جو بھی سنسد ساختہ آیا ہے۔ شفافیت کو مزید بہتر بنانے کی کوشش کی جائے گی۔ صحت طلبی ہماری ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ طلبا ملک کا مستقبل ہیں۔ میری سب سے گزارش ہے کہ کسی قسم کی افواہ نہ پھیلائیں۔ اے سیاسی نقطہ نظر سے نہ دیکھیں۔ ہم طرح طرح کی بہتری کیلئے تیار ہیں۔ ہم کسی بھی جرم کو نہیں چھوڑیں گے۔ میں کہنا چاہوں گا کہ ہمیں امتحان پاس کرنے والے لاکھوں طلبا کے مفادات کا خیال رکھنا ہے۔ بنیاد پولیس نے بہت اچھا کام کیا ہے۔ کچھ مزید معلومات آنی ہیں۔ ہم ان کی تحقیقات سے مطمئن ہیں۔ مرکزی حکومت کے افسران اور بہار پولیس کے اہلکار مسلسل بات کر رہے ہیں۔ یہ ہونہار طلبا کے مفاد کا معاملہ ہے، اس لیے ہمیں کوئی ایسا کام نہیں کرنا چاہیے جس سے انکھوں غریب اور ہونہار طلبا کا مستقبل خطرے میں پڑ جائے۔

ایکسائز پالیسی معاملہ میں اروند کیجریوال کو ملی ضمانت



نئی دہلی ، (ایس این بی) دہلی کی ایک عدالت نے جمعرات کو وزیراعلیٰ اروند کیجریوال کو مبینہ ایکسائز پالیسی گھوٹالہ سے متعلق منی لانڈرنگ کیس میں ضمانت دے دی۔ خصوصی جج نیائے بدھ نے عام آدمی پارٹی (اے اے پی) کے کنوینر اروند کیجریوال کو ایک لاکھ روپے کے ذاتی مچلکے پر رہا کرنے کا حکم دیا۔ عدالت نے ای ڈی کی اروند کیجریوال کی ضمانت کے حکم پر 48 گھنٹے تک روک لگانے کی درخواست کو بھی مسترد کر دیا۔ ای ڈی 48 گھنٹے کے قیام کے دوران اعلیٰ عدالت چاہتی تھی۔ جج نے یہ حکم کیجریوال کی طرف سے یا عادہ ضمانت کیلئے داخل درخواست پر سنتا ہوا اور دفاع کے وکیل سننے کے بعد دیا۔ خصوصی جج نے اے اے پی لیڈر کیجریوال کو ایک لاکھ روپے کے ذاتی مچلکے پر رہا کرنے کا حکم دیا۔ عدالت نے اے اے پی لیڈر پر کئی شرائط بھی لگائی ہیں، جن میں یہ بھی شامل ہے کہ وہ تفتیش میں خلل ڈالنے یا گواہوں کو متاثر کرنے کی کوشش نہیں کریں گے۔ خصوصی جج نے کیجریوال کو جب بھی ضروری ہو عدالت میں حاضر رہنے اور تحقیقات میں تعاون کرنے کی ہدایت کی۔ خصوصی جج نے دن میں ای ڈی دفاع کے وکیل سننے کے بعد اپنا فیصلہ محفوظ کر لیا تھا۔

ایک رات پہلے مل گیا تھا نیٹ کا پرچہ ◻ ملزم کا سنسنی خیز انکشاف

نئی دہلی ،(ایجنسیں)

نیٹ یو جی بیہیر ایک کا معاملہ ان دنوں ملک بھر میں سرخیوں میں ہے اور اب اس معاملے میں سنسنی خیز انکشاف ہوا ہے۔ اس معاملے میں گرفتار کئے گئے 4 ملزمان نے اپنے جرم کا اعتراف کر لیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ انہیں ایک رات پہلے ہی امتحان کا پرچہ حاصل ہو گیا تھا۔ ایک ملزم کا کہنا ہے کہ اس کے انجینئر چھوپھا نے اس کیلئے سیٹنگ کی تھی۔ واضح رہے کہ مرکزی وزارت تعلیم نے بدھ کو بہار پولیس کے اقتصادی جرائم یونٹ سے پٹنہ میں قومی اہلیت - کم - داخلہ ٹیسٹ (نیٹ) - گریجویشن 2024 کے انعقاد میں مبینہ بے ضابطگیوں پر رپورٹ طلب کی ہے۔ اس معاملہ کے ایک ملزم اورنگ یادو نے سنسنی خیز انکشافات کئے ہیں۔ پرچہ لیک معاملہ میں ملزم اورنگ یادو بہار کے سستی پولیس کارروائی پر سوال اٹھا رہے ہیں۔ اس نے اپنے اعتراف بیان میں کہا کہ کوڈ کے ایڈین کو پنگ بیٹھر میں نیٹ امتحان کی تیاری کر رہا تھا اور اس کے چھوپھا جھاکسر پر سابادو ڈو تیئر انجینئر کے طور پر کام کر رہے ہیں۔

(باقی صفحہ 3 پر)

رام اور سیتا کی بے حرمتی کا معاملہ طلبا پر 1.20 لاکھ کا جرمانہ

ممبئی ، (ایجنسیں) انڈین انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی بامبے نے اپنے ایک طالب علم پر 1.2 لاکھ روپے کا جرمانہ عائد کیا ہے۔ یہ جرمانہ طالب علم پر ایک ڈرامہ کے دوران رام اور سیتا کی بے حرمتی کرنے کے الزام میں لگایا گیا ہے۔ دراصل رواں سال مارچ میں منعقد ایک تقریب کے دوران راہووَن نامی ڈرامہ میں حصہ لینے والے طالب علم کے خلاف شکایتیں کی گئی تھیں جس کے بعد یہ کارروائی ہوئی ہے۔ میڈیا رپورٹس میں دعویٰ کیا جا رہا ہے کہ رامائن پر مبنی اس ڈرامہ کی طلبا کی ایک گروپ نے مخالفت کی تھی۔ ان کا الزام تھا کہ یہ ہندو مذہب کے تئیں ہتک آمیز اور رام - سیتا کی بے حرمتی کرنے والا ہے۔ اس معاملے میں قصوروار طالب علم پر 1.2 لاکھ روپے کا جرمانہ لگایا گیا جو کہ ایک سمسٹر کی فیس کے برابر ہے۔ علاوہ ازیں کم از کم آج دیگر طلبا کو بھی سزا دی گئی ہے۔ فی الحال ان کی ڈگری سزا اور جرمانہ کی رقم کے بارے میں (باقی صفحہ 3 پر)

مغربی بنگال کے گورنر کو سلامتی کا خطرہ؟

وزیراعلیٰ ممتا بنرجی کچھ نہیں کر رہی ہیں' بوس کا بڑا دعویٰ

کولکاتا(ایس این بی)

گورنر سی وی آنند بوس نے جمعرات کو کہا کہ راج بھون میں تعینات کلکتہ پولیس کے موجودہ دستے کی وجہ سے انہیں اپنی سلامتی کو خطرہ لاحق ہے۔ یہ بیان اس وقت آیا ہے جب بوس نے حال ہی میں پولیس اہلکاروں کو راج بھون کے احاطے کو خالی کرنے کا حکم دیا ہے۔ تاہم گورنر بھون میں پولیس اہلکار بدستور تعینات ہیں۔

بوس نے کہا کہ میرے پاس وجوہات ہیں جن کی وجہ سے مجھے لگتا ہے کہ موجودہ انچارج اور ان کی ٹیم میری ذاتی سلامتی کے لیے خطرہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں نے بنگال کی وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی کو مطلع کیا کہ میں راج بھون میں کلکتہ پولیس کے ساتھ غیر محفوظ محسوس کرتا ہوں لیکن کوئی کارروائی نہیں کی گئی۔

راج بھون کے ذرائع نے بتایا کہ بوس نے ریاستی حکومت سے راج بھون میں تعینات پولیس اہلکاروں کی مسلسل جاسوسی کے بارے میں شکایت کی اور محسوس کیا کہ وہ باہر سے کسی بااثر لوگوں کے کہنے پر ایسا کر رہے ہیں۔ بوس نے کہا کہ یہاں تعینات پولیس اہلکار میری اور میرے افسران کی سرگرمیوں کی جاسوسی کر رہے ہیں۔ ان (پولیس اہلکاروں) کو حکومت ہند اپنے سیاسی آقاؤں کی کھلی حمایت حاصل ہے۔ یہ آئین کی خلاف ورزی ہے۔

گورنر نے وقتاً فوقتاً یہ معاملہ بنرجی کے نوٹس میں لایا ہے، لیکن اب تک اس پر کوئی کارروائی نہیں ہوئی ہے۔ وزیراعلیٰ کے پاس محکمہ داخلہ کا چارج بھی ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ ایسا کچھ بھی محکمہ پولیس میں اعلیٰ حکام کے علم کے بغیر ممکن نہیں ہے اور پولیس محکمہ داخلہ کے تحت آتی ہے۔ بوس نے دعویٰ کیا کہ وہ راج بھون میں موجودہ افسر انچارج کے تعینات پولیس ٹیم کی 'خلاف ورزی' سے واقف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مختلف ذرائع سے قابل اعتماد اطلاع ملی ہے کہ یہاں تعینات پولیس ٹیم راج بھون اور عوام کے مفادات کے خلاف کام کر رہی ہے۔ میں نے خود بھی اس کی تصدیق کی ہے۔

بوس نے کہا کہ یہاں تعینات پولیس اہلکاروں میں سے کچھ پہلے